**فوری ریلیز کے لیے: 1/3/2024** **گورنر *KATHY HOCHUL***

**گورنر HOCHUL نے ریاست بھر میں سات کمرشل مقامات کو تبدیل کرنے اور ہائی ٹیک صنعتکاری کے کاروباری اداروں کو ریاست نیو یارک کی جانب متوجہ کرنے کے لیے FAST NY گرانٹس کی مد میں 45$ ملین سے زیادہ ایوارڈ کیے ہیں**

***بروم، چیمنگ، کلنٹن، فلٹن، نیاگرا، اونیڈا اور اورنج کاؤنٹیز کے مقامات ایوارڈ یافتگان میں شامل ہیں***

***آج تک FAST NY گرانٹس کی مد میں 175$ ملین سے زیادہ گرانٹس ایوارڈ کی گئی ہیں تاکہ اعلیٰ درجے کی صنعت کاری اور دیگر اہم ترقی یافتہ صنعتوں کے کاروباری اداروں کو متوجہ کرتے ہوئے اور ان میں توسیع کرتے ہوئے زیادہ معاوضہ دینے والی، 21ویں صدی کی ملازمتیں پیدا کی جائیں***

***گورنر Hochul کی جانب سے مالی سال 2025 کے ایگزیکٹیو بجٹ کے جزو کے طور پر FAST NY میں 100$ ملین کی توسیع کی تجویز دی گئی ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ فوکسڈ اٹریکشن آف شوول ریڈی ٹریکٹس نیو یارک (Focused Attraction of Shovel-Ready Tracts New York) گرانٹ پروگرام کے تحت سات مقامات کو تقریباً 45$ ملین سے زائد رقوم دی گئی ہیں۔ فروری 2022 میں، پہلی مرتبہ اعلان شدہ، FAST NY کو ریاست بھر میں مقامات کی تیاری اور تعمیر کے لیے تشکیل دیا گیا ہے تاکہ نیو یارک کے تعمیراتی کام فوری طور پر شروع کیے جا سکیں اور بڑے آجروں اور ہائی ٹیک صنعتکار کمپنیوں کے لیے اس کی کشش میں اضافہ کیا جا سکے۔ ایمپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے زیرِ انتظام پروگرام، کاروباروں، کمیونٹیز، اور ملازمتوں کے لیے نئی سرمایہ کاری کو آگے بڑھاتے ہوئے ریاست نیو یارک کی معیشت کو متنوع بنانے میں مدد کرے گا۔ اپنے آغاز سے، FAST NY کی جانب سے 20 سے زیادہ مقامات تیار کرنے کے لیے تقریباً 175$ ملین سے نوازا گیا ہے۔ مزید برآں، گورنر Hochul نے مالی سال 2025 کے ایگزیکٹیو بجٹ میں ایک اضافی 100$ ملین کی تجویز دی ہے تاکہ FAST NY پروگرام کی توسیع کی جائے اور ریاست بھر میں تعمیراتی کام کے فوری آغاز کے لیے مقامات کی تیاری کے سلسلے میں اس کی کامیابی میں پیش رفت کی جائے۔

"ہڈسن ویلی سے لے کر جنوبی سلسلے تک، ان FAST NY سرمایہ کاریوں سے ہماری پوری ریاست میں اقتصادی مواقع کھولنے میں مدد کی جا رہی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہماری اعلیٰ درجے کی افرادی قوت، ہماری دانشمندانہ مراعات، اور ہمارے بھرپور تیار، کام کے آغاز کے لیے تیار مقامات کی وجہ سے مستقبل کے کاروباری ادارے جوق در جوق نیو یارک کی جانب آ رہے ہیں، اور میں پُرعزم ہوں کہ مقننہ کے ساتھ کام کیا جائے تاکہ 21ویں صدی کے اس سے بھی زیادہ آجرین اور ہماری ریاست میں آئندہ کل کی ملازمتیں فروغ پائیں۔"

**امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "ریاست نیو یارک کی طرف سے اس جانب توجہ مرکوز کی گئی ہے کہ جب کمپنیاں اپنے کاروبار کی منتقلی کے لیے کسی بہترین جگہ کی تلاش میں ہوں تو ریاست نیو یارک ہی وہ اوّلین جگہ ہو، جہاں جانے کا وہ سوچیں۔ FAST NY کی جانب سے میونسپلٹیز اور IDAs کو ایسے درست وسائل مہیا کیے جا رہے ہیں تاکہ ترقی یافتہ صنعتکاری، سیمی کنڈکٹرز، قابلِ تجدید توانائی، علومِ حیات اور زرعی کاروبار جیسی کچھ مخصوص صنعتوں کے اطراف میں مقامات تیار کیے جائیں۔"

تعمیراتی کام کے آغاز کی تیاری میں سرمایہ کاریوں نے بڑے آجرین کو، ریاست نیو یارک کی جانب متوجہ کیا ہے، جن میں کوکا کولا کمپنی شامل ہے، جو ویبسٹر، مونرو کاؤنٹی میں 1900 ڈیبور روڈ پر 650$ ملین کی فیئر لائف پروڈکشن سہولت گاہ تعمیر کر رہی ہے – جو کہ FAST NY راؤنڈ اوّل کے ایک ایوارڈ یافتہ ہیں۔ راؤنڈ سوم ایوارڈز کے ذریعے سیمی کنڈکٹر انڈسٹری کی دلچسپی کے لیے مقامات مسلسل تیار کیے جا رہے ہیں اس کے علاوہ یہ ایوارڈز امریکی نیشنل سائنس فاؤنڈیشن کے نیو انرجی نیو یارک (New Energy New York، NENY) اسٹوریج انجن کی نامزدگی کی تکمیل کرتے ہیں، جسے بنگھیمٹن یونیورسٹی کی جانب سے، بطور علاقائی اختراعی انجن (NSF انجن) کا مرکزی مقام بنایا گیا ہے۔ باہم مل کر، ان سرمایہ کاریوں سے جنوبی سلسلے کے علاقے کو توانائی ذخیرہ کرنے کی ترقی پذیر صنعت کے لیے ایک قومی مرکز کی حیثیت دی گئی ہے۔

**اونیڈا کاؤنٹی – 23.6$ ملین:** روم سٹی کے گریفیس بین الاقوامی ہوائی اڈّے پر واقع اور وولف اسپیڈ اور مائیکرون کے پہلو میں واقع ٹرائی اینگل سائٹ، کو نیو یارک کے پریمیئر سیمی کنڈکٹر سپلائی چین کیمپس کے لیے اس مقام پر تیار کیا گیا ہے، جو کہ 50 میگاواٹ تک بجلی پیش کرتی ہے۔ اس پروجیکٹ کے نتیجے میں الیکٹریکل اپ گریڈز، بلدیہ کے پانی اور حفظانِ صحت کے مطابق نکاسئ آب اور قدرتی گیس، نقل و حمل اور رسائی کی جدّت کاریوں کی توسیع اور اس مقام کے عمومی کام کی تکمیل فراہم کی جائے گی۔ یہ ٹرائی اینگل سائٹ جو بڑی آسانی سے ریاست نیو یارک کے مرکز میں واقع ہے، اسی لیے یہ ایک بڑی ممکنہ افرادی قوت کے لیے قابل رسائی ہے۔ اس پروجیکٹ سے 332 ایکڑ پر محیط اس مقام پر 2.6 ملین مربع فٹ پر مشتمل تعمیراتی کام اور 3,000 نئی ملازمتوں کے امکانات کا باب شروع ہو گا۔ یہ کیمپس درمیانے درجے کی ایک پسماندہ کمیونٹی میں واقع ہے اور افرادی قوت کی قابل رسائی سہولیات، رہائش گاہیں، تفریح اور عوامی نقل و حمل فراہم کرتا ہے۔

**برُوم کاؤنٹی IDA، برُوم کاؤنٹی – 11.3$ ملین:** یہ پروجیکٹ، جانسن سٹی میں مین اسٹریٹ پر سابقہ BAE مقام پر واقع ہے اور سیلاب کو روکنے کے لیے ایک بلند کردہ ترقیاتی پُشتے کی تنصیب کے لیے سہارا فراہم کرے گا اور اس کے علاوہ مطلوبہ پانی، سیور اور بجلی کے بنیادی ڈھانچے کے ساتھ ایک ٹھوس سڑک بھی تیار کی جائے گی جس کے ساتھ مستقبل کے استعمال کے لیے اس مقام کو فعال کرنے کے لیے طوفانی پانی کے سلسلے میں بہتریوں کے اقدامات شامل ہیں۔ یہ املاک کوئلے کے ایک سابق پلانٹ سے متصل ہے جس کے نتیجے میں اس مقام کو وفاقی طور پر نامزد انرجی کمیونٹی میں شامل کیا جاتا ہے جو کلین ٹیک صنعت کاروں کو یہ صلاحیت فراہم کرتا ہے کہ وہ مردم شماری کے ان طریقوں میں استعمال کے لیے مختص کردہ وفاقی فنڈز کی نمایاں نامزدگیاں حاصل کریں۔ یہ توقع کی جاتی ہے کہ 27 ایکڑ پر محیط اس مقام کو دوبارہ فعال طور پر استعمال کرنے کے نتیجے میں ٹیکس کی آمدنی اور نئی ملازمتوں میں نمایاں اضافہ ہو گا۔

**چیمنگ کاؤنٹی IDA، چیمنگ کاؤنٹی – 4,000,000$:** ہارس ہیڈز میں نارتھ مین اسٹریٹ پر واقع، اس پروجیکٹ سے موجودہ ریل، پانی، سیور، اور طوفانی پانی کے بنیادی ڈھانچے میں بہتریوں کے اقدامات سمیت تجدید کاریاں کرنا ممکن ہو گا تاکہ اس مقام پر منصوبہ بندی شدہ فروغ اور ترقی کی معاونت کی جائے۔ اس مقام پر بہتریوں کے اقدامات سے جدید مینوفیکچرنگ، گودام اور لاجسٹک سہولت گاہوں کی ایک متوقع 765,000 مربع فٹ والی تعمیر ممکن ہو جائے گی۔ اس انٹر موڈل مقام کو پانی اور گندے پانی کے اہم وسائل تک رسائی حاصل ہے، جو کہ تین بڑے شہروں کے دو گھنٹے کی مسافت کے اندر مرکزی طور پر واقع ہے اور اسے فارن ٹریڈ زون کا مقام دیا گیا ہے۔ اس مقام کے ہدف شدہ بازاروں میں بیٹری اور سولر صنعتکاری اور لاجسٹکس گودام شامل ہیں۔ کام کے آغاز کے لیے تیار اس مقام پر جنوبی سلسلے میں ابھرتے ہوئے ٹیکنالوجی مرکز کے متعلق بیٹری کی سپلائی چین کو بڑھنے کا ایک اور موقع فراہم کیا جائے گا۔

**نیاگرا کاؤنٹی – 3,258,450$:** کیمبریا میں، جنکشن روڈ پر نیاگرا کاؤنٹی بزنس پارک میں واقع، اس پروجیکٹ سے بجلی، گیس، پانی اور سیوریج کی توسیع سمیت سائٹ کی تیاریاں اور بنیادی ڈھانچے میں بہتریوں کے اقدامات ممکن ہوں گے۔ اس پروجیکٹ میں 60 ایکڑ پر محیط اس کیمپس تک 13.2kV کی ایک برقی لائن کی توسیع شامل ہے، اور اس کے ساتھ ہی قریبی 115kV کی بجلی کی لائن میں جوڑنے کے لیے منصوبہ بندی اور انجینیئرنگ کا آغاز شامل ہے۔ یہ مقام بجلی کی اہم لائنوں کے نزدیک واقع ہے، جبکہ کم لاگت والے NYPA ہائیڈرو پاور تک رسائی اور پانی اور گٹر کی کافی صلاحیت تک رسائی کے قریب موجود ہے۔ FAST NY کے ذریعے تعاون یافتہ بنیادی ڈھانچے میں

اس ترقیاتی کام سے یہ مقام جدید مینوفیکچرنگ کے لیے ایک مثالی مقام کی حیثیت حاصل کر لے گا۔ اس مقام کی خصوصیات میں شاہراہوں کے نزدیک محلِ وقوع اور امریکہ اور کینیڈا کی بڑی مارکیٹوں تک رسائی شامل ہے۔

**کلنٹن کاؤنٹی – $3,000,000**: پلاٹسبرگ میں کلنٹن کاؤنٹی ہوائی اڈے کی املاک، 450 ایکڑ سے زیادہ قابل ترقی اراضی پر مشتمل ہے۔ اس مقام کے کچھ حصے پہلے ہی تین صنعتی مقام کے لیے دوبارہ تیار کیے جا چکے ہیں، اور اس پروجیکٹ سے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانا ممکن ہو جائے گا جس میں پانی، سینیٹری سیوریج، طوفانی سیلابی پانی، بجلی کے علاوہ سڑک کی تعمیر ممکن ہو جائے گی تاکہ ایک اضافی 135 ایکڑ اراضی پر ترقیاتی کام کرنا ممکن ہو۔ یہ مقام I-87 سے صرف تین منٹ کی دوری پر واقع ہے اور موجودہ ایئر انڈسٹریل پارک سے ملحق ہے، جو اپنی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے، جبکہ یہ مقام صنعتکاری، ہلکی صنعتی پروسیسنگ، گودام، اور تقسیم کاری میں زیرِ استعمال لانے کے لیے 1.7 ملین مربع فٹ تک کی گنجائش کا حامل ہو گا۔

**اورنج کاؤنٹی IDA، اورنج کاؤنٹی – $462,500**: مونٹگومری میں ایڈن بروک کامرس پارک میں واقع، اس پروجیکٹ سے، SEQRA کی کارروائی کو آگے بڑھانے میں مدد ملے گی اور انجینیئرنگ اور سائٹ ڈیزائن سے متعلق اخراجات پورے کرنے میں مدد ملے گی۔ اس کے نتیجے میں کام کے آغاز کے لیے تیار پارک حاصل ہو گا جو نیو یارک شہر اور البانی کے درمیان ایک پل کا کام کرے گا۔ یہ ترقی یافتہ مقام جدید مینوفیکچرنگ انڈسٹری کے شعبے کو ہدف بنائے گا، جس میں علومِ حیات، سیمی کنڈکٹر سپلائی چین، کلین-ٹیک، اور ویلیو ایڈڈ اسمبلی پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ یہ مقام I-84 سے تقریباً چار میل کے فاصلے پر، ایک صنعتی راہداری میں، اورنج کاؤنٹی ہوائی اڈے سے متصل ہے۔

**فلٹن کاؤنٹی سینٹر برائے علاقائی ترقی، فلٹن کاؤنٹی – $65,300**: جانسٹاؤن میں اسٹیٹ روٹ A20 پر اس پروجیکٹ سے، منصوبہ بندی کے مطالعہ میں سہولت فراہم کی جائے گی تاکہ سڑکوں، یوٹیلٹیز، سائٹ کے تجزیے، اور ماحولیاتی تحقیقات سمیت اس سائٹ پر بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے لیے لاگت کا تعین کیا جائے۔ یہ مقام جانسٹاؤن انڈسٹریل پارک کے براہ راست اس پار واقع ہے، جو فی الحال بھرپور ہے۔ ریاست نیو یارک بین الریاستی نظام سے قربت، سائٹ پر اعلیٰ درجے پر بجلی کی گنجائش اور انٹر میونسپل پانی کی فراہمی جیسے پرکشش اثاثے، اسے جدید صنعتکاری کے لیے ایک اہم مقام ثابت کرتے ہیں۔ اس پروجیکٹ میں پانچ بڑی صنعتی ترقیاتی جگہیں تیار کرنے کا ارادہ کیا گیا ہے، جس کے نتیجے میں تقریباً 200 ملازمتیں پیدا ہوں گی۔

FAST NY کی جانب سے ESD ایوارڈز گرانٹس کے ذریعے پہلے سے جاری ترقیاتی سرگرمیوں اور بنیادی ڈھانچے کی سرمایہ کاری کے لیے ایسی سائٹیں تیار کرنے کے لیے فنڈنگ دی جاتی ہے جو بہت سی اہل صنعتوں کو اپنی طرف متوجہ کرے گی — بشمول ہائی ٹیک مینوفیکچرنگ، سیمی کنڈکٹرز، کلین ٹیک قابلِ تجدید توانائی، لائف سائنسز، زرعی کاروبار، آپٹکس، ٹرانسپورٹیشن کا ساز و سامان، مواد کی پروسیسنگ، صنعتی مشینری مینوفیکچرنگ اور دیگر جدید مینوفیکچرنگ وغیرہ۔ ان سائٹوں کو بین الریاست تقسیم اور رسد کے لیے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ FAST NY کے ذریعے، ESD ایسی سائٹوں کے لیے "FAST NY تعمیری کام کے لیے تیار سرٹیفیکیشن" دے سکتا ہے جو کھدائی کے کام کی تیاری کے اعلیٰ معیارات پر پورا اترتی ہیں، تاکہ مزید صنعتوں کو راغب کرنے کے لیے اپنی مارکیٹنگ کی کوششوں کو سہارا دے سکے اور بڑھا سکے۔ مزید معلومات کے لیے، یا ایک FAST NY گرانٹ کے لیے درخواست دینے کے لیے، [esd.ny.gov/fast-ny](https://esd.ny.gov/fast-ny) ملاحظہ کریں۔

**ریاست نیو یارک کی اقتصادی ترقیاتی کونسل کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Ryan M Silva نے کہا،** "نیو یارک کی معیشت کی کامیابی اور نجی شعبے کی سرمایہ کاری کو متوجہ کرنے کے سلسلے میں ہماری صلاحیت کے لیے Fast NY پروگرام اہمیت کا حامل ہے۔ بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاریاں کرنے سے اچھی تنخواہوں والی تعمیراتی ملازمتیں پیدا ہوتی ہیں جو کہ مزید عوامی نجی شراکت داریوں کی راہ ہموار کرتی ہیں۔ آج کے اعلانات ایک بار پھر نیو یارک کی معیشت میں صنعتی ترقی کی ایجنسیوں (industrial development agencies، IDAs) کے اہم کردار کی توثیق کر رہے ہیں، جس سے مقامی مہارت اور وسائل کو ریاستی فنڈنگ کے ساتھ مربوط کرتے ہوئے پائیدار کمیونٹیز کی معاونت اور تعمیر کی جاتی ہے۔ ہم گورنر Hochul اور ESD کی ٹیم کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے FAST NY پروگرام کی قیادت اور اسکے ساتھ شراکت داری کی اور نیو یارک کے مستقبل میں سرمایہ کاری کرنے کے لئے والے ایوارڈ یافتگان کا بھی بہت شکریہ۔"

**ریاستی سینیٹر Sean Ryan نے کہا،** "جب ہم اقتصادی ترقی کو فروغ دینے کے بہترین طریقوں کے بارے میں سوچتے ہیں، تو ہم ایسی حکمت عملیوں کو ترجیح دینا چاہتے ہیں جن میں خاندان کی کفالت کرنے والی ملازمتوں کی بڑی تعداد پیدا کرنے پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے۔ ہائی ٹیک مینوفیکچرنگ کمپنیوں کو نیو یارک کی جانب راغب کرنے سے ہماری ریاست میں ہزاروں مستحکم، اچھی تنخواہ والی نوکریاں پیدا ہوں گی۔ مستقبل کے ان کاروباری اداروں کے لیے مقامات تیار کرنا ایک ہوشیار سرمایہ کاری ہے۔"

**رکن اسمبلی Al Stirpe نے کہا،** "اسمبلی کی کمیٹی برائے اقتصادی ترقی، ملازمتوں کی تخلیق، تجارت اور صنعت (Assembly's Committee on Economic Development, Job Creation, Commerce, and Industry) کے سربراہ کے طور پر، میں شکر گزار ہوں کہ گورنر Hochul نے امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کے زیر انتظام FAST NY پروگرام کے ذریعے پوری ریاست نیو یارک میں 45$ ملین ایوارڈ کیے ہیں۔ نیو یارک کے معاشی مستقبل میں کی گئی یہ اہم سرمایہ کاری اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ ہم مقامات کو نہ صرف تعمیراتی کام کے آغاز کے لیے ہی تیار نہیں کر رہے، بلکہ ہم مواقع پیدا کر رہے ہیں، بڑے آجروں کے لیے اس مقام کی کشش میں اضافہ کر رہے ہیں، اور اہم ترقیاتی صنعتوں کو وسعت دینے کے لیے ملازمتیں پیدا کرنے کی رفتار بڑھا رہے ہیں۔"

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں